# پارہ 16 قَالَ اَ لَمۡ

استاذہ عفت مقبول کے ساتھ

قرآن و سنت کی روشنی میں
ہدایت کا سفر

2019

# دَورۃُ القُرآن

رشتے جوڑیئے

2019 دورۃ القرآن

نور القرآن

پارہ 16

- اللہ کے ہر کام میں مصلحت ہوتی ہے۔ اللہ کی رضا پر راضی رہنا ہے۔
- اگر آپ اچھے استاد بننا چاہتے ہیں تو پہلے اچھے شاگرد بنیں۔
- جب اللہ کی محبت اور دنیاوی آسائشیں جمع ہو جائیں، تو تب ایمان کی آزمائش ہوتی ہے۔
- کسی بھی کام کو کرنے کے لئے نیت کو خالص کرنا ہے۔
- نیکی کبھی رائیگاں نہیں جاتی۔ ماں باپ کی کی ہوئی نیکیاں مرنے کے بعد بھی بچوں کے کام آتی ہیں۔

2019 دَورۃُ القُرآن

نورالقرآن

پارہ 16

- ❖ ہر فرد ہے ملت کے مقدر کا ستارہ۔ بچوں کو امت کا سرمایہ سمجھ کر ان کی تربیت کرنی ہے۔
- ❖ جیسی عوام ہو گی ویسے حکمران ملیں گے۔
- ❖ بچوں کو محنت کی عادت ڈالنی ہے۔ تاکہ ایک صحت مند اور مضبوط نسل پیدا ہو۔
- ❖ اپنے اوپر لگنے والے الزامات پر صفائیاں نہیں دینی۔ خاموش رہنا ہے۔ اللہ سب جانتا ہے۔

## پارہ 16

- قیامت کے دن پیش آنے والی حسرتوں سے بچنا ہے۔
- بچوں کو پیار سے نیکی کی رغبت دلائیں۔ غصہ منفی رویہ ابھارتا ہے۔
- جنت میں جانے اور جہنم سے بچنے والے کام کرنے ہیں۔ یاد رکھیں جنت کا راستہ جہنم کے اوپر سے ہو کر جاتا ہے۔
- اپنے لئے چھپی ہوئی نیکیاں جمع کرنی ہیں۔ جو کہ کل قیامت کو مشکل میں کام آئیں گی۔

روایت میں ہے کہ حضرت شداد بن اوس رضی اللہ تعالٰی عنہ ایک دن رونے لگے ہم نے پوچھا حضرت آپ کیسے رو رہے ہیں فرمانے لگے ایک حدیث یاد آگئی ہے اور اس نے رلا دیا۔ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا ہے مجھے اپنی امت پر سب سے زیادہ ڈر شرک اور پوشیدہ شہوت کا ہے۔ میں نے دریافت کیا کہ یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کیا آپ کی امت آپ کے بعد شرک کرے گی؟ آپ نے فرمایاہاں سنو وہ چاند پتھر بت کو نہ پوجے گی بلکہ اپنے اعمال میں ریاکاری کرے گی۔ پوشیدہ شہوت یہ ہے کہ صبح روزے سے ہے اور کوئی خواہش سامنے آئی روزہ چھوڑ دیا